بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن بہاول پور۔

شیڈول انٹرمیڈیٹ امتحانات

مورخہ 21-12-2023

عنوان: **انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2024ء کے آن لائن داخلہ فارم، فیس اور ہارڈ کاپی کی وصولی کا شیڈول۔**

مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے موصولہ مراسلہ نمبر SO(Boards)Misc/2022-PBCC-6 نمبر **334/میٹنگ** مورخہ 20-12-2023 کے مطابق بہاول پور بورڈ کے زیراہتمام انٹرمیڈیٹ اور علوم السنہ شرقیہ فرسٹ سالانہ (First Annual) امتحانات 2024ء کا انعقاد **مورخہ 15۔اپریل 2024ء بروز سوموار** سے ہوگا۔اس امتحان میں شامل ہونے والے جملہ ریگولر اور پرائیوٹ امیدواران کے داخلہ فارم آن لائن کرنے اور داخلہ فارم کی ہارڈ کاپی و داخلہ فیس کے بنک چالان کی بورڈ ہذا میں وصولی کا شیڈول درج ذیل ہے:۔

نمبر شمار	شیڈول	ریگولر / پرائیویٹ امیدواران کیلئے
1	بغیر لیٹ فیس کے	27-12-2023 تا 20-01-2024
2	دوگنا فیس کے ساتھ	21-01-2024 تا 02-02-2024
3	تین گنا فیس کے ساتھ	03-02-2024 تا 09-02-2024

الف۔ داخلہ فیس، پروسیسنگ فیس، رجسٹریشن فیس، سپورٹس فیس، سکالرشپ فیس، ڈویلپمنٹ فیس اور سرٹیفیکیٹ فیس کی شرح

تفصیل	سنگل پارٹ (ریگولر)	سنگل پارٹ (پرائیویٹ)	پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/کمپوزٹ (ریگولر)	پارٹ فرسٹ اینڈ سیکنڈ/کمپوزٹ (پرائیویٹ)
سائنس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان ہو	850	900	1700	1800
آرٹس گروپ یا ایسے مضامین جن میں عملی امتحان نہ ہو	800	850	1600	1700
پروسیسنگ فیس	530	530	530	530
ڈویلپمنٹ فیس	200	200	200	200
سرٹیفیکیٹ فیس (صرف ایک مرتبہ)	700	700	----	700

ب۔ علوم السنہ شرقیہ

داخلہ فیس	رجسٹریشن فیس	ڈویلپمنٹ فیس	پروسیسنگ فیس	سرٹیفیکیٹ فیس
-/1000روپے	-/1000روپے	-/200روپے	-/530روپے	-/700روپے

﴿1﴾ ضروری تاکید/ہدایات۔

(i) ایسے امیدواران جو بورڈ ہذا سے انرولمنٹ/رجسٹریشن نہیں کرواسکے تھے وہ داخلہ فیس کے علاوہ رجسٹریشن فیس -/1000روپے، سپورٹس فیس -/150روپے، سکالرشپ فیس -/80روپے (کل مبلغ -/1230روپے) جمع کروائیں گے۔

(ii) تمام امیدواران سے QR کوڈ کی مد میں مبلغ -/95روپے فیس وصول کی جائے گی۔

(iii) ایسے امیدواران جو قبل ازیں امتحانات میں شمولیت اختیار کرتے ہوئے سند فیس جمع کرواچکے ہیں اب وہ سند فیس سے مستثنیٰ ہوں گے۔

(iv) تین گناہ فیس کا شیڈول ختم ہونے کے بعد مبلغ -/500 یا -/100 روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ داخلہ فارم جمع کروانے والے امیدواران کا امتحانی مرکز بورڈ قوانین کے مطابق ضلعی ہیڈکوارٹر ہوگا۔

(v) ریگولر اور الحاق شدہ ادارہ جات بورڈ کی طرف سے جاری شدہ اکاؤنٹ میں Login ہو کر اپنے امیدواران کا داخلہ فارم Submit کریں گے۔

(vi) کمپارٹمنٹ کی صورت میں امتحان دینے پر متعلقہ گروپ ﴿سائنس/آرٹس﴾ کی پوری داخلہ فیس وصول کی جائیگی۔

(جاری ہے)

(جاری ہے)

﴾2﴿ پرائیویٹ امیدواران متوجہ ہوں کہ:۔

(i) بہاول پور بورڈ کے زیراہتمام پرائیویٹ امیدواران کو یہ سہولت دی گئی ہے کہ وہ بورڈ کی ویب سائٹ www.bisebwp.edu.pk پر اپنے داخلہ فارم آن لائن سسٹم کے تحت فیڈ کرنے کے بعد داخلہ فارم اور فیس چالان کی ہارڈ کاپی کا پرنٹ حاصل کر سکتے ہیں۔

(ii) آن لائن پرنٹ شدہ داخلہ فارم اپنی رہائش کے قریب ترین کسی بھی گورنمنٹ /الحاق شدہ کالج / ہائیر سیکنڈری سکول کے پرنسپل سے تصدیق کرا کر مع اصل فیس چالان مقررہ شیڈول کے اندر **اسسٹنٹ کنٹرولر انٹرمیڈیٹ (امتحانات) ،بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،بہاول پور** کو ارسال کریں گے۔

(iii) شیڈول /امتحانات سے متعلق تمام تر معلومات بورڈ کی ویب سائٹ "www.bisebwp.edu.pk" سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

سیکریٹری

کاپی برائے اطلاع /ضروری کاروائی ۔

(1) جملہ سربراہان تعلیمی ادارہ جات (کالجز / ہائیر سیکنڈری سکولز /کامرس کالجز)، واقع حدود بہاول پور بورڈ۔

(2) ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، بہاول پور ڈویژن، بہاول پور۔

(3) ریجنل ڈائریکٹر تعلقات عامہ بہاول پور (برائے اشاعت) ۔

(4) نیوز ایڈیٹر، ریڈیو پاکستان بہاول پور (برائے نشریات)۔

(5) مینیجر، UBL بورڈ برانچ (مہربانی فرما کر بورڈ کی حدود میں واقع UBL کی تمام برانچز کو نوٹیفکیشن ہذا سے فوری طور پر آگاہ فرمائیں تاکہ شیڈول اور مجوزہ شرح کے مطابق داخلہ فیس و دیگر فیس وصول کی جاسکے)۔

(6) داخلی تقسیم /نوٹیفکیشن فائل۔

21/12/23
پی اے /انچارج میٹنگ